**22.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

Music

..............................................................................

☆ حکومت نے مارکیٹنگ سیزن 2025-26 کیلئے خام جوٹ کی کم از کم امدادی قیمت میں 315 روپے کا اضافہ کرکے اِسے 5 ہزار 650 روپے فی کوئنٹل کر دیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ مہم نے لاکھوں افراد کو تحریک دی ہے اور بھارت کی ترقی میں خواتین کو اہم مقام عطا کیا ہے۔

☆ مہاراشٹر کے جلگاؤں ضلعے میں ایک ٹرین حادثے میں کم سے کم 11 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ ڈیموکریٹس کی قیادت والے 22 صوبوں نے پیدائشی حقِ شہریت کے معاملے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف مقدمہ دائر کیا ہے۔

☆ کرکٹ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں انگلینڈ نے بھارت کی جیت کیلئے 133 رن کا ہدف دیا ہے۔

☆ اور...... بیڈمنٹن میں جکارتہ میں پی وی سندھو، انڈونیشیا ماسٹرس میں خواتین کے سنگلز میں پہلے راؤنڈ میں ہار گئی ہیں۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Cabinet***

حکومت نے مارکیٹنگ سیزن 2025-26 کیلئے خام پٹ سن یعنی جوٹ کی کم از کم امدادی قیمت میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں کابینہ کے فیصلوں کے بارے میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ خام جوٹ کیلئے 5 ہزار 650 روپے فی کوئنٹل کم از کم امدادی قیمت فراہم کی جائے گی، جو پچھلے سال کے مارکیٹنگ سیزن 2024-25 کے مقابلے 315 روپے زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے 40 لاکھ کنبوں کی مدد ہوگی، جو خام جوٹ کی پیداوار کر رہے ہیں۔

2100- Piyush Goyal on North East

وزیر موصوف نے اِس بارے میں مطلع کیا کہ مرکزی کابینہ نے قومی صحت مشن کے تحت پیش رفت کا بھی

جائزہ لیا۔

انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی کابینہ نے آئندہ دو سال کیلئے اِس مشن کو جاری رکھنے کی منظوری دے دی ہے جیسا کہ پہلے فیصلہ کیا گیا تھا۔ 2021 میں مرکزی کابینہ نے 2026 تک پانچ برس کیلئے قومی صحت مشن کو توسیع دی تھی۔ قومی صحت مشن نے گزشتہ 3 برس میں ماں اور بچے کی صحت، بیماریوں کے خاتمے اور صحت کی دیکھ بھال کے بنیادی ڈھانچے سمیت مختلف شعبوں میں خاطر خواہ پیش رفت کی ہے۔

قومی صحت مشن نے اقتصادی سالوں 2021 سے 2024 کے دوران 12 لاکھ سے زیادہ اضافی طبّی کارکنوں کو بھرتی کیا ہے۔ اس مشن کے تحت ملک بھر میں قریب 220 کروڑ کورونا وائرس سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے گئے۔

ملک میں زچّہ اموات کی شرح میں سال 1990 کے مقابلے 83 فیصد کی گراوٹ آئی ہے، جو کہ 45 فیصد کی عالمی گراوٹ سے زیادہ ہے۔ TB کے واقعات بھی سال 2015 کے تناسب، 237 فی ایک لاکھ آبادی سے کم ہو کر سال 2023 میں 195 فی ایک لاکھ رہ گئے ہیں۔ وہیں اس عرصے میں TB سے ہونے والی اموات کی شرح 28 سے گھٹ کر 22 رہ گئی ہے۔

بھارت نے Measles-Rubella سے بچاؤ کی ٹیکہ کاری مہم میں قریب 98 فیصد ہدف حاصل کر لیا ہے۔ اس مشن کے تحت، نیشنل سیکل سیل انیمیا ختم کرنے کے مشن جیسے کئی نئے اقدامات کیے گئے۔x

## PM - Beti Bachao

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ مہم نے ہزاروں افراد کو تحریک دی ہے اور ملک کی ترقی میں خواتین کو اہم مقام دیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ مہم، یکسر تبدیلی والی ایک عوامی تحریک بن گئی ہے اور اس میں زندگی کے سبھی شعبوں سے وابستہ افراد شامل ہوئے ہیں۔ اس مہم کے 10 برس مکمل ہونے پر سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ تحریک صنفی بھید بھاؤ کو ختم کرنے میں سودمند ثابت ہوئی ہے اور اس نے اس بات کو یقینی بنانے کیلئے سازگار ماحول قائم کیا ہے کہ لڑکیوں کو تعلیم تک رسائی حاصل ہو اور اپنے خوابوں کو پورا کرنے کیلئے یکساں مواقع ملیں۔

وزیر اعظم نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بچوں کے کم جنسی تناسب والے اضلاع نے اہم پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے اس اہم سنگ میل کو حاصل کرنے کیلئے مختلف برادریوں کی خدمات سے متعلق تنظیموں اور افراد کی متعلقہ کوششوں کیلئے تشکر کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے ہر کسی پر زور دیا کہ وہ بیٹیوں کے حقوق کا تحفظ کرنا، ان کی تعلیم کو یقینی بنانا جاری رکھیں اور ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیں، جہاں وہ بغیر بھید بھاؤ کے آگے بڑھ سکیں۔x

## VP Governance

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا ہے کہ بھارت، اِس وقت دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت ہے اور ملک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی جانب گامزن ہے۔ نئی دلّی میں ڈیموکریٹک لیڈر شپ کے بھارتی ادارے کے شرکاء کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے نائب صدر نے پالیسی سازی میں تربیت افراد کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اِس بات کا بھی ذکر کیا کہ حکومت کو جوابدہ بنانے کا واحد طریقہ، قانون سازیے کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ x

## Delhi Poll campaign

70 رکنی دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے سرکردہ رہنما، قومی راجدھانی میں اپنے امیدواروں کے حق میں مختلف مقامات پر چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ BJP کے سرکردہ لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے 5 فروری کے چناؤ سے پہلے BJP کے نوجوان کارکنوں میں پھر ایک نیا جوش پیدا کرنے کیلئے اُن سے بات چیت کی۔

1400-PM

BJP کے سینئر لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے دعویٰ کیا کہ اگر پارٹی اقتدار میں آتی ہے تو وہ دلّی کیلئے ایک شفاف، ایماندار اور باصلاحیت سرکار بنائے گی۔

عام آدمی پارٹی کے کنویز اروند کجریوال نے آج شہر میں مختلف ریلیوں سے خطاب کیا۔

جناب کجریوال نے متوسط طبقے کی فلاح و بہبود پر زور دیا۔

2100- Arvind Kejriwal on School

کانگریس نے بھی عام آدمی پارٹی پر اپنی تنقید تیز کر دی ہے۔ پارٹی کے سینئر لیڈر اجے ماکن نے CAG رپورٹس کے معاملے میں رکاوٹ پیدا کرنے کا الزام لگایا۔

2100- Ajay Makan/ Congress

## Indian Navy Republic Day

بھارتی بحریہ یومِ جمہوریہ کی پریڈ کے دوران کرتویہ پتھ پر اپنا ناقابلِ تسخیر جذبے کی نمائش کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ بھارتی بحریہ کے مطابق لیفٹننٹ کمانڈر ساحل اہلووالیہ کی قیادت میں 148 ممبران پر مشتمل مارچنگ دستہ یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں حصہ لے گا۔ چھ خواتین اگنی ویر بھی بھارتی بحریہ کے بینڈ میں حصہ لے رہی ہیں۔ اِس سال بھارتی بحریہ کی جھانکی میں ملک کی بحری طاقت اور بھارتی بحریہ کے ذریعے کئے گئے خودکفالت کے اقدامات کی نمائش کی جائے گی۔ x

## Renewable Energy

2030 تک غیرروایتی ایندھن پر مبنی 500 گیگاواٹ توانائی کی صلاحیت حاصل کرنے کے عہد کے ساتھ بھارت شمسی اور پون چکی سے پیدا کی جانے والی توانائی میں اہم پیشرفت حاصل کررہا ہے۔ بنیادی ڈھانچے میں اصلاح کے ساتھ غیرروایتی ایندھن پر مبنی ملک کی توانائی کی صلاحیت 20 جنوری تک 217 گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت صاف توانائی کی صلاحیت میں ایک عالمی لیڈر کے طور پر ابھر رہا ہے۔

نئی اور قابلِ تجدید توانائی کی وزارت کے مطابق پچھلے سال ریکارڈ 24 اعشاریہ پانچ گیگاواٹ شمسی توانائی اور تین اعشاریہ چار گیگاواٹ پون چکی سے پیدا کی جانے والی توانائی حاصل کی گئی ہے۔ x

2030 تک غیرروایتی ایندھن پر مبنی 500 گیگاواٹ توانائی کی صلاحیت حاصل کرنے کے عہد کے ساتھ بھارت شمسی اور پون چکی سے پیدا کی جانے والی توانائی میں اہم پیشرفت حاصل کررہا ہے۔ بنیادی ڈھانچے میں اصلاح کے ساتھ غیرروایتی ایندھن پر مبنی ملک کی توانائی کی صلاحیت 20 جنوری تک 217 گیگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ اعداد و

شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت صاف توانائی کی صلاحیت میں ایک عالمی لیڈر کے طور پر ابھر رہا ہے۔

نئی اور قابلِ تجدید توانائی کی وزارت کے مطابق پچھلے سال ریکارڈ 24 اعشاریہ پانچ گیگاواٹ شمسی توانائی اور تین اعشاریہ چار گیگاواٹ پون چکی سے پیدا کی جانے والی توانائی حاصل کی گئی ہے۔ x

## Fur Rev New Train Accident

پُشپک ایکسپریس کے کم از کم 11 مسافر اُس وقت ہلاک اور 14 دوسرے زخمی ہوگئے، جب وہ کرناٹک ایکسپریس کی زد میں آگئے۔ کرناٹک ایکسپریس آج شام مہاراشٹر کے جَل گاؤں ضلعے میں پاچورا اسٹیشن کے نزدیک پاس کے ایک ٹریک سے گزر رہی تھی۔ جل گاؤں ایس پی ڈاکٹر مہیشور ریڈی کے مطابق کسی بھی زخمی مسافر کی حالت نازک نہیں ہے۔

مہاراشٹر کے وزیرِ اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے ایک ٹویٹ میں حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور متاثرین کے کنبوں کیلئے پانچ لاکھ روپے کے مالی تعاون کا اعلان کیا ہے۔

وسطی ریلوے کے چیف PRO سوپنل نیلا نے کہا ہے کہ ایک الارم چین Pulling کے بعد کچھ مسافروں کے ٹرین سے اترنے کے بعد یہ حادثہ پیش آیا۔

انہوں نے بتایا کہ پاس کی ایک بوگی میں آگ لگنے کی افواہ کی وجہ سے چین Pulling کی گئی تھی۔

SB - 2100 - PRO / Swapnil Railway

## NSE Milestone

بھارت کے قومی اسٹاک ایکسچینج NSE میں سرمایہ کاروں کے رجسٹریشن میں کافی اضافہ ہوا ہے اور یہ 20 جنوری 2025 کو گیارہ کروڑ سے زیادہ ہوگیا ہے۔ Client اکاؤنٹس کی مجموعی تعداد 21 کروڑ تک پہنچ گئی ہے۔ NSE کے کاروباری ترقی کے چیف آفیسر سری رام کرشنن نے کہا ہے کہ اس تاریخی سنگِ میل سے بھارت کی سرمایہ کاری کے منظر نامے میں ایک بڑی تبدیلی کی عکاسی ہوتی ہے، جو لوگوں کو معاشی ترقی میں اپنا کردار نبھانے کا موقع دے رہا ہے۔ ایک کروڑ سرمایہ کاروں تک پہنچنے میں 14 سال لگے تھے لیکن آخری ایک کروڑ سرمایہ کار صرف پانچ مہینوں میں جڑے ہیں۔ x

## Mahakumbh - Khadi

اس اہم تقریب کی خبریں دینے والے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مہاکنبھ میں واقع قومی سطح پر کھادی نمائش ہزاروں زائرین کو اپنی طرف راغب کررہی ہے۔

کھادی انڈیا پویلین ، کھادی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، مقامی دستکاری، ٹیکسٹائل اور گھریلو صنعتوں میں ملک کی مالامال وراثت کی نمائش کررہا ہے۔ پویلین میں روایت ، پائیداری اور دستکاری کے آپسی ربط کو اجاگر کیا گیا ہے، جو اتحاد کو مضبوط کرنے اور ثقافتی اقدار کو تحفظ فراہم کرنے میں کھادی کے رول کی عکاسی کرتا ہے۔ x

## Mahakumbh -UP Cabinet Meeting

اترپردیش سرکار نے آج ریاست میں ترقی کو مستحکم کرنے کیلئے یکسر تبدیلی کرنے والے پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں پریاگ راج کے Arail علاقے میں تریوینی Sankul میں

ہونے والی خصوصی کابینہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔
میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ کابینہ نے ریاستی راجدھانی خطّے کے طرز پر پریاگ راج - چترکوٹ ترقیاتی خطّے کو بہتر کرنے کی منظوری دی ہے۔

SB - 2100 - Yogi Adityanath

## SC - Krishna Janambhoomi - Idgah

سپریم کورٹ نے آج الہٰ آباد ہائی کورٹ کے اُس حکم پر عبوری روک میں توسیع کی ہے، جس میں سری کرشن جنم بھومی شاہی عیدگاہ مسجد تنازعہ کے سلسلے میں عدالت کے ذریعے مقرر کئے گئے کمشنر کے ذریعے متھرا میں شاہی عیدگاہ مسجد کے معائنے کی بات کہی گئی ہے۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ، جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے وی وِشو ناتھن پر مشتمل بینچ، اُن درخواستوں پر سماعت کررہی تھی، جنہیں مسجد کمیٹی نے الہ آباد ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرنے کیلئے دائر کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے 16 جنوری 2024 کو الہ آباد ہائی کورٹ کے اُس حکم پر روک لگا دی تھی، جس میں ہندو عقیدتمندوں کو معائنے کی اجازت دی گئی تھی۔ حالانکہ روک میں توسیع کی گئی ہے، لیکن الہ آباد ہائی کورٹ میں مقدمے کی کارروائی جاری رہ سکتی ہے۔x

## Vaishnaw - Davos

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے Davos میں عالمی اقتصادی فورم 2025 کیلئے روانگی سے قبل آج سوئس وفاقی ریلوے کے وفد سے ملاقات کی۔
ملاقات کے دوران انہوں نے سیفٹی ٹیکنالوجیز اور رکھ رکھاؤ سے متعلق طریقۂ کار پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا۔
جناب ویشنو نے بھارتی ریلویز نظام میں کارکردگی اور سیفٹی میں اضافے کیلئے سوئس ماہرین سے، ان کی جدید ترین ٹیکنالوجی سے واقفیت حاصل کی۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی بہترین طریقۂ کار کے مطابق اپنے پیمانے طے کرنے میں ہمیشہ حکومت کی رہنمائی کی ہے۔ جناب ویشنو نے مزید کہا کہ ''میڈ اِن انڈیا'' مصنوعات میں بین الاقوامی دلچسپی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔x

## J&K - Pakistani Drone

جموں و کشمیر میں فوج نے، اُس پاکستانی ڈرون کو مار گرانے کیلئے فائرنگ کی، جو بھارت میں داخل میں ہورہا تھا۔ یہ واقعہ آج صبح سویرے پُنچھ ضلع میں لائن آف کنٹرول پر پیش آیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ڈرون پُنچھ ضلع کے مینڈھر سیکٹر میں سرحد کے نزدیک چکر لگانے کے بعد پاکستانی مقبوضہ کشمیر لوٹ گیا۔ فوجیوں کو ڈرون کے بارے میں پتہ چلنے کے بعد تقریباً ایک درجن راؤنڈ گولیاں چلائی گئیں۔ بعد میں تلاشی کی کارروائی کی گئی تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ڈرون کی طرف سے کوئی ہتھیار یا منشیات نہیں گرایا گیا ہو۔ x

## J&K Illness

جموں و کشمیر کے راجوری ضلع کے بڈھال گاؤں میں پُراسرار بیماری کے مزید تین معاملے درج کئے گئے ہیں۔ مریضوں کو مزید طبی نگرانی کیلئے منتقل کیا جارہا ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ایک 25 سالہ نوجوان میں کل اِس پُراسرار بیماری کی علامتیں پائی گئیں، جس کے بعد اسے پہلے گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں اور پھر

PGI چنڈی گڑھ منتقل کیا گیا۔

دوسری جانب آج بھی اِسی طرح کی بیماری کے مزید دو معاملے درج کئے گئے، جس کے بعد دونوں مریضوں کو بھی مزید طبی نگرانی کیلئے منتقل کیا جارہا ہے۔

اس سے پہلے راجوری ضلع انتظامیہ نے بڈھال علاقے کو ممنوعہ علاقہ قرار دیتے ہوئے، علاقے میں ہر طرح کے اجتماع پر پابندی عائد کردی ہے۔ بڈھال گاؤں میں گذشتہ پچاس دنوں میں 17 لوگ اِس پُراسرار بیماری سے جان گنوا چکے ہیں۔ x

### Trump Sued

امریکہ میں ڈیموکریٹ ریاستوں اور حقوقِ انسانی کے گروپوں کے ایک اتحاد نے پیدائشی حقِ شہریت کو ختم کرنے کے منصوبے کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر مقدمہ دائر کیا ہے۔ کولمبیا صوبہ اور سین فرانسسکو شہر سمیت 22 ڈیموکریٹ صوبوں نے بوسٹن اور Seattle کی وفاقی عدالتوں میں یہ مقدمے دائر کئے ہیں۔ ٹرمپ کے عہدہ سنبھالنے کے کچھ گھنٹوں بعد ہی کئی الگ الگ مقدمے دائر کئے گئے ہیں۔ مقدموں میں اِس بات پر زور دیا گیا ہے کہ صدر نے امریکی سرزمین پر کسی کے بھی پیدا ہونے کے ساتھ ہی خودبخود حقِ شہریت کا حامل ہونے کو ختم کرنے کی کوشش کرکے اپنے عہدے کا غلط استعمال کیا ہے اور امریکی آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔ x

### Mandaviya Kho Kho Teams

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دلّی میں کھوکھو عالمی کپ جیتنے والی مردوں اور خواتین ٹیموں کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر موصوف نے ملک کا سر اونچا کرنے کیلئے کھلاڑیوں کی ستائش کی۔ جناب مانڈویا نے کہا کہ روایتی کھیل جنون ، کمیونٹی جذبہ اور ملک کی روایتی کھیل اقدار کو آگے لے جانے کی نمائش کرتے ہیں۔ وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ تمام متعلقہ لوگوں کو یہ جذبہ برقرار رکھتے ہوئے، 2026 میں ہونے والے ایشیائی کھیلوں پر نظر رکھنی چاہیئے۔ انہوں نے کھوکھو کو 2036 میں اولمپکس میں شامل کرانے کے سرکار کے عہد کا بھی اظہار کیا۔ x

### Turkiye Fire

کل ترکیہ کے Bolu صوبے کے Kartalkaya میں ایک SKI Resort کے ایک ہوٹل میں آگ لگنے کے واقعہ میں کم سے کم 76 افراد ہلاک اور 51 دیگر زخمی ہوگئے تھے۔ حکام نے ہوٹل سے تقریباً 230 مہمانوں کو بحفاظت نکالا تھا۔

ترکیہ کے داخلی امور کے وزیر Ali Yerlikaya نے بتایا ہے کہ Kartalkaye کے پہاڑی کے اوپر Resort کے 12 منزلہ Grand Kartal ہوٹل کے ریستوراں میں کل آگ لگنے کا یہ واقعہ پیش آیا۔

ترکیہ کے وزیر انصاف Yilmaz Tunc نے چھ وکیلوں کی ایک ٹیم کو مقرر کیا ہے جو آگ لگنے کے اس حادثے کی اصل وجہ کی تحقیقات کرے گی۔ آگ کے اس واقعے کی تحقیقات کے سلسلے میں 9 لوگوں کو حراست میں لیا گیا ہے۔ x

## Badminton Indonesia Masters

بیڈمنٹن میں آج شام جکارتہ میں پی وی سندھو، انڈونیشیا ماسٹرس کے خواتین کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں ویتنام کی کھلاڑی T.L. Naguyen سے بیس-بائیس، بارہ-اکیس سے ہار گئیں۔ x

## Cricket

کرکٹ میں آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں انگلینڈ نے بھارت کی جیت کیلئے 133 رن کا ہدف رکھا ہے۔ ٹاس ہار کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ نے مقررہ 20 اوورز میں 132 رن بنائے اور وہ آل آؤٹ ہوگئی۔

آخری خبریں ملنے تک بھارت نے 6 اوورز میں 2 وکٹ پر 64 رن بنا لئے تھے۔x

☆☆☆☆